25/09/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ عالمی سطح کے غیر یقینی حالات کے با وجود بھارت ترقی کی راہ پر گامزن// وزیر اعظم نریندر مو دی۔

*........لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے مطابق اربن چلینج فنڈ شہری ترقی کےلئے انقلابی نوعیت کاحامل ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سیلاب کے نتیجے میں بے گھر ہوئے افراد کے حق میں5مرلہ زمین فی کنبہ فراہم کرانے کا کیا اعلان۔

اور

*........سیوا پَرو کے تحت ملک بھر میں مختلف سرگرمیاں جاری۔

PM

وزیر اعظم نریند رمودی نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر رکاوٹوں اور غیر یقینی حالات کے باوجود بھارت نے قابل قدر ترقی درج کی ہے۔ اُترپردیش کے گریٹر نوئیڈا میں انٹر نیشنل ٹریڈ شو کا افتتاح کرنے کے بعد وزیراعظم نے کہاکہ ملک آتم نر بر بھارت کے سفر پر رواں دواں ہے۔

................

میک ان انڈیاکے گیارہ سال مکمل ہونے کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے Chipسے لیکرShip-تک ملک کے اندر ہی تیار کرنے کا ہدف مقررکیا ہے

................

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ شہروں کی تیز تر ترقی کیلئے ایک لاکھ کروڑ روپے کا اربن چلینج فنڈ انقلابی نوعیت کا ثابت ہوگا۔**

**ان باتوں کا اظہار ایل جی نے سرینگر میں آل انڈیا فورم آف Real Estate Regulatory Authority کی گورننگ کونسل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔**

**................**

**LG ATL**

**اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے آج کشمیر یونیورسٹی میں یونیورسٹی کے اشتراک سے Atal Tinkering Lab سارتھی کا آغاز کیا۔**

**LG نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں ملک میں سائنس کے شعبے نے کا فی ترقی کی ہے۔**

**----------**

**اس موقعے پرمرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ اور نیتی آیوگ کے اٹل انوویشن مشن کے مشن ڈائریکٹر دیپک باگلا اور دیگر کئی شخصیات بھی موجود تھیں۔**

**بعد میں صحافیوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے ڈاکٹر  جتندر سنگھ نے کہا۔**

**-------------**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جو لوگ حالیہ سیلاب کی وجہ سے بے گھر ہوئے ہیں ، سرکار انہیں مکان کی تعمیر کیلئے پانچ مرلہ زمین فی کنبہ فراہم کرے گی۔**

**وزیر اعلیٰ نے یہ اعلان Duggain بلاور کے دورے کے دوران کیا۔ بعد میں انتظامیہ کے افسران کے ساتھ انہوں نے ایک میٹنگ کے دوران متاثرین کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کی ہدایت دی۔**

**اس سے قبل وزیر اعلیٰ نے کھٹوعہ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا ہوائی دورہ کرکے موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔**

ریاسی سے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ وزیر اعلیٰ نے مہور علاقے کا دورہ کرکے وہاں بھی حالیہ سیلاب سے پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا اور متاثرین کو ہر ممکن امداد کا یقین دلایا۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں اینڈ کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کی مجموعی کار گذاری اور سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوفہ نے متعلقہ حکام کو بورڈ کے کام کاج میں مزید آسانی پیدا کرنے کی ہدایت دی تاکہ طالب علموں کو مختلف سطحوں پر مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

انہوں نے دسویں اور بارویں جماعت کے امتحانات کیلئے ڈیٹ شیٹ بر وقت اجرا کرنے کی بھی ہدایت دی۔

جا وید ڈار

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جا وید احمد ڈار نے نوجوانوں کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرنے کےلئے حمایت پروگرام کی تعریف کی ہے۔

سرینگر میں آج Himayat Alumni Meet-2025 پر اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ پروگرام سے کئی ہنر مند نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں مدد ملی ہے۔ تقریب پر محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد اوردیگر کئی شخصیات بھی موجود تھیں۔

جا وید رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج نئی دلی میں جل شکتی کے مرکزی وزیر چندر کانت رگھو ناتھ پاٹل کے ساتھ ملاقات کی۔

جا وید رانا نے مرکزی وزیر کو جمونو کشمیر میں حالیہ سیلاب کی صورتحال کے بعد واٹر سپلائی سکیموں کو پہنچے نقصان کے بارے میں جانکاری دی۔ مرکزی وزیر نے اس ضمن میں مرکزی سرکار کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

سریکلچر

سریکلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹرا عجاز احمد بٹ کی صدارت میں جموں میں آج محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں محکمے کی مجموعی کار گذاری اور مختلف اسکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا گیا۔

ڈائریکٹر موصوف نے کیپکس بجٹ کے تحت عملائے جا رہے مختلف پروجیکٹوں کووقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔اس دورا ن سینٹرل سلک بورڈ نے میرا ریشم میرا ابھیمان کے تحت اننت ناگ ضلعے کو بہترین کارکردگی کے ایوارڈ سے نوازا ہے۔

**GST**

وزیرا عظم نریند ر مودی نے کہا ہے کہ جدید GST اصلاحات سے بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم کا اظہا رہوتا ہے۔گریٹر نوئیڈا میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ اب لوگ GST۔ اصلاحات کا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں

................

وقفہ

باقی خبروں سے پہلے یہ وقفہ

....................

**GST Awareness Add**

________________

اب پیش ہیں باقی خبریں

**NC**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مرکزی حکومت پر زور دیاہے کہ وہ لداخ کے مسئلے پر سنجیدگی کے ساتھ غور کرے۔**

**سرینگر میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ مرکز کو جموں کشمیر کا خصوصی درجہ بحال کرنے پر بھی غور کرنا چاہئے ۔**

**شاہین**

**جنتا دل یونائٹیڈ جموں کے صدر جی ایم شاہین نے لداخ کے لوگوں سے امن و امان برقرار رکھنے کےلئے کہا ہے ۔ انہوننے کہا ہے کہ کچھ مفاد خصوصی رکھنے والے عناصر اشتعال انگیز بیانات جاری کر کے امن کو زک پہنچانے کی کوشش کر تے ہیں۔**

**قرہ**

**کانگریس ورکنگ کمیٹی کا ایک اجلاس پٹنہ بہار میں منعقد ہوا جس کی صدارت کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے کی ۔ پارٹی کے پردیش صدر جموں کشمیر طارق حمید قرہ نے اجلاس میں شرکت کرکے جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرانے کیلئے شروع کی گئی مہم کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔**

**خراج**

**جموں کشمیر کے صدر ست شرما ، نائب صدر ریکھا مہاجن ، ممبران اسمبلی یودویر سیٹھی BJP پٹھانیہ ،اور پون شرما کے علاوہ پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور RS، دیگر لیڈروں نے پنڈت دین دیال اُپادھیائے کو ان کی جنم جینتی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔**

**SCمورچہ**

**اس دوران پارٹی کے ایس سی مورچہ کے پردیش صدر درمیندر کمار کی صدارت میں پنڈت دین دھیال اُپادھیائے کے جنم کی مناسبت سے جموں میں ایک پروگرام منعقد ہوا جس دوران آنجہانی لیڈر کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔**

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ربیع الثانی

آج ہجری سال کے چوتھے مہینے ربیع الثانی کی پہلی تاریخ ہے ۔ اس مہینے کے آغاز کے ساتھ ہی سلطان الاولیاءحضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ کے عرس مبارک کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز ہو گیا ہے ۔

درگاہ غوثیہ خانیار میں اگلے گیاہ روز تک ختمات المعظمات اور درود و اذکار کی روح پرور مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے۔ درگاہ غوثیہ سرائے بالا اور درگاہ غوثیہ راہ باب صاحب عالی کدل میں بھی اسی طرح کی دینی مجالس منعقد ہو ں گی ۔

عرس کی مرکزی تقریب ربیع الثانی کی11تاریخ یعنی 5اکتوبر کو منائی جائے گی ۔

سیوا پرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ غ

سیوا پروکے عنوان سے خصوصی سیریز میں آج ہم اس بارے میں بات کر رہے ہیں کہ حکومت دفاعی ساز و سامان کی تیاری کو مضبوط کرتے ہوئے بھارت کو کس طرح ایک خود کفیل قوت بنا رہی ہے ۔

پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

-------------

سکمز

شیر کشمیر انسٹی چیو ٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے وومن ویلفیئر فورم کے اہتمام سے آج ادارے کے خواتین عملے کیلئے غیر متعدی امراض کے ایک سکریننگ کیمپ کا انعقاد ہوا۔

سوستھ ناری سشکست پریوار ابھیان کے تحت منعقد اس کیمپ کا افتتاح سکمز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمدا شرف گنائی نے کیا ۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ سکمز نے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں ہمیشہ ایک کلیدی رول ادا کیا ہے۔

سیوا پرو اننت ناگ

سیوا پرو کے تحت ہارٹیکلچر پلاننگ اینڈ مارکیٹنگ محکمے کی جانب سے آج میوہ

---

ۃ و سبزی منڈی جبلی پورہ اننت ناگ میں کسانوں کیلئے صلاحیت سازی کا ایک پروگرام منعقد ہوا ۔

سنیل / پریا سیٹھی

حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے سیوا پکھواڑہ کے تحت کشتواڑ کے پاڈر علاقے میں خون کے عطیہ کا ایک کیمپ منعقد کیا گیا، جس میں مقامی لوگوں خاص طور پر نوجوانوں نے سرگرم شرکت دکھائی۔

دریں اثناءسیوا پکھواڑہ پہل کے تحت ہی پردیش بی جے پی کی طرف سے پارٹی ہیڈ کواٹر تریکوٹہ نگر جموں میں دیویانگ جنوں کےلئے حوصلہ افزائی کا ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقعے پر پارٹی کی نائب صدر پریا سیٹھی موجود تھیں۔

سیواBJP

جموں کشمیر کے صدر ست شرما اور جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن BJP سیوا پکھواڑہ کے تحت اشوک کول کی قیادت میں جموں کشمیر کے مختلف علاقوں میں شجر کاری مہم کا آغاز ہوا ۔

سیوا پکھواڑہ

سیوا پکھواڑہ کے تحت جا ری سرگرمیوں کے سلسلے میںبی جے پی مہیلا مورچہ اسکی پردیش صدر ایڈوکیٹ نہا مہاجن کی سربراہی میں بھی ریاسی میں کئی پروگرام منعقد ہوئے ۔

ایک پروگرام کے دوران دانسر اور کٹرہ میں سیلاب سے متاثرہ افراد میں راشن اور ملبوسات تقسیم کئے گئے۔

**سوچھ بھارت**

**دریں اثناءپارٹی کے سوچھ بھارت ابھیان شعبے کی جانب سے آج گاندھی نگر جموں میں ایک جامع صفائی مہم کا انعقاد ہوا۔ اس پروگرام میں پارٹی کے کئی لیڈروں نے شرکت کی۔**

**در انداز گرفتار**

**سرحدی حفاظتی فورس کے جوانوں نے آج جموں کے آر ایس پورہ سیکٹر میں ایک پاکستانی درانداز کو گرفتار کیا۔**

**یہ اس سیکٹر میں رواں ماہ کے دوران دوسرے پاکستانی در انداز کی گرفتاری ہے۔**

**فوج**

**فوج کی چنار کور کے اہتمام سے چھتہ بل سرینگر میں مقامی لوگوں کےلئے ایک مفتی طبی کیمپ منعقد کیا گیا۔**

**کیمپ میں خواتین اور بچوں سمیت زائد از 300 لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔**

**اطلاع**

**جموں کشمیر میں سپورٹس ایکو سسٹم کے موضوع پر آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کر دہ خصوصی پروگرام آج رات دس بجے نشر ہو گا۔**

**پروگرام کی مہمان ہیں جموں کشمیر ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی ڈائریکٹر جنرل انورادھا گپتا۔**

**اُن کے ساتھ ہمکلام ہوں گے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔**

**نمدہ**

**ڈائریکٹوریٹ آف ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر نے کہا ہے کہ سرکار یو ٹی کی مشہور دستکاری کے احیائے نو اور ترقی کیلئے مناسب اقدامات کر رہی ہے اور نمدہ سازی کے روایتی فن کو زندہ رکھنے پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔**

**محکمے کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ نمدے کو حال ہی میں GI ٹیگ رجسٹریشن ملی ہے۔**

**راجناتھ سنگھ**

**وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی سربراہی میں آج ”ایک دن -ایک گھنٹہ-ایک ساتھ “ مہم کے تحت فوجی ہیڈ کواٹر میں ایک صفائی ابھیان انجام دیا گیا ۔**

**یہ ابھیان وزارت دفاع کے اہتمام سے 17ستمبر کو شروع کئے گئے ” سوچھہ اتسو“ کا ایک حصہ تھا ۔اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ صفائی محض ایک سرگرمی نہیں بلکہ طرز زندگی بھی ہے ۔**

**انہوں نے اس موقعے پر ”صفائی رن“ کو بھی ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔**

**DRDO**

**دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم DRDO نے ریل پر مبنی موبائیل لانچر نظام سے اوسط دوری تک مار کرنے والے اگنی پرائم میزائل کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔**

**وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے DRDO ، سٹرٹیجک فورسز کمانڈ اور مسلح افواج کو درمیانہ دوری کے اگنی پرائم میزائل کی کامیاب آزمائش پر مبارکباد دی ہے۔**

**سال11**

**وزیر اعظم نریندر مو دی نے میک ان انڈیا کے11برس مکمل ہونے پر اطمینان کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ اس مدت کے دوران ملک میں مینوفیکچرنگ کے منظر نامے میں انتہائی وسعت درج ہوئی ہے۔**

**ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے ملک کی صنعت کا ری کو فروغ دینے والے افراد اور انجمنوں کی ستائش کی ہے۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پرگرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 6 بجکر21 منٹ پر اور**

**غروب آفتاب شام6 بج کر 22منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ**

**..........................**

**..............**

**......**